خبر نامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی (۴۷)

☆ صدر ادارہ وامیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری کی مشہور تصنیف 'اسلام کی دعوت' اردو زبان میں دعوت کے موضوع پر مقبول ومؤثر کتابوں میں سے ہے۔اب تک اس کے نو ایڈیشن شائع ہو چکے تھے۔اب اس کا دسواں ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، نئی دہلی سے بائبل پیپر پر خوب صورت طباعت اور دیدہ زیب ٹائٹل کے ساتھ منظر عام پر آیا ہے۔صفحات: ۳۴۴، قیمت مجلد-/۱۴۰ روپے۔

☆ مولانا عمری کا ایک مقبول کتابچہ 'خدا کی غلامی انسان کی معراج' کے نام سے ہے۔ اس کے کئی ایڈیشن طبع ہو چکے ہیں۔حال میں اس کا نیا ایڈیشن منظر عام پر آیا ہے۔صفحات: ۳۶، قیمت:-/۱۴ روپے۔

☆ مولانا عمری کا سفر نامۂ حج 'سوئے حرم چلا' کے نام سے کئی سال قبل شائع ہوا تھا۔حج سے متعلق مختصر سفر ناموں میں یہ ایک مؤثر سفر نامہ ہے۔اس سے حج کی ترغیب بھی ہوتی ہے اور اس کے احکام کا بھی مختصر علم ہوجاتا ہے۔اردو میں اس کے تین ایڈیشن چھپ چکے ہیں۔اب مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز، نئی دہلی نے اس کا ہندی ترجمہ 'کعبے کا سفر' کے نام سے شائع کردیا ہے۔صفحات: ۶۴

☆ ادارہ کے توسیعی خطبات پروگرام کے تحت ۸/ اگست ۲۰۱۰ء کو معروف سائنٹسٹ ڈاکٹر محمد ریاض کرمانی، سابق مدیر سہ اشاعتی 'آیات' ورکن سینٹر فار اسٹڈیز آن سائنس علی گڑھ نے 'فلسفہ، سائنس اور قرآن' کے موضوع پر لکچر دیا۔ پروگرام کی صدارت پروفیسر مسعود احمد، شعبۂ بایوکیمسٹری، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ نے کی۔ یونی ورسٹی کے مختلف شعبوں سے وابستہ اساتذہ، طلبہ اور دیگر اہل علم نے شرکت کی اور بحث ومذاکرہ میں حصہ لیا۔

☆ ادارہ کا تصنیفی تربیت پروگرام کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ اس کے تحت دینی مدارس اور عصری جامعات کے نوخیز فارغین کو اسلامی علوم میں تحقیق وتصنیف کی تربیت دی جاتی ہے۔ ۲۶/ ستمبر ۲۰۱۰ء کو ایک انٹرویو کے بعد اس شعبہ میں ایک نئے اسکالر کا اضافہ کیا گیا ہے۔

☆ اراکین ادارہ اپنے علمی و تصنیفی کاموں کے ساتھ بسا اوقات کانفرنسوں اور سمیناروں میں شرکت کرتے ہیں۔ ۲۷-۲۸/ستمبر ۲۰۱۰ء کو بنگلور میں قائم مشہور آشرم Art of Living کے زیرِ انتظام H.I.V./AIDS پر کام کرنے والی متعدد قومی اور بین الاقوامی تنظیموں کی شراکت سے ایک بین الاقوامی کانفرنس Faith in Action Summit 2010 کے عنوان سے منعقد ہوئی، جس میں ملک و بیرون ملک کے تقریباً پانچ سومختلف مذاہب کی نمائندہ شخصیات شریک ہوئیں اور H.I.V./AIDS کے متاثرین کے مسائل اور ان کے خلاف نفرت وتفریق کے جذبات کے خاتمے پرغور وخوض کیا۔ رکن ادارہ مولانا محمد جرجیس کریمی نے اس میں شرکت کی اور پروگرام کے دوران گروپ ڈسکشن میں حصہ لیا۔ اس موقع پر تمام مذاہب کے نمائندوں کی منظوری سے ایک اعلامیہ بھی جاری کیا گیا۔

☆ تحقیقات اسلامی کی ویب سائٹ www.tahqeeqat.net کے نام سے کام کررہی ہے۔ اب تک اس پر صرف مجلّہ کے قدیم شمارے اپ لوڈ کیے گئے تھے۔ اب ادارہ کے ایک بہی خواہ جناب محمد عرفان (جدہ) نے اس کی خوب صورت ڈیزائننگ کردی ہے اور اس میں مجلّہ اور ادارہ کا تعارف (اردو، عربی اور انگریزی میں) ادارتی و انتظامی معاملات کے لیے رابطہ کا پتا، موبائل نمبر و ای میل، زرتعاون کی تفصیل اور Feed back وغیرہ کے کالمس کا اضافہ کردیا ہے۔ اہل ذوق سے اس کی وزٹ کرنے اور اسے بہتر بنانے کے سلسلے میں مشوروں سے نوازنے کی درخواست ہے۔

☆ ادارہ الحمدللہ اپنے وسیع وعریض کیمپس میں ہمہ جہت ارتقاء واستحکام کی جدو جہد میں مصروف ہے۔ چنانچہ گزشتہ دوسالوں میں ایک طرف ارکان ادارہ نے تین اہم موضوعات پر علمی و تصنیفی کام مکمل کیا ہے، دوسری طرف بعض اصحاب خیر کے خصوصی تعاون سے ادارہ کی بالائی منزل کی تعمیر کا کام پایۂ تکمیل کو پہنچنے والا ہے، تیسری طرف ادارہ کے کیمپس میں آمدورفت کی سہولت، شجرکاری اور مجموعی طور سے اس کی تزئین وآرائش کے اقدامات کیے گئے ہیں۔ اصحاب خیر مزید تعاون فرمائیں تو بقیہ تشنۂ تکمیل کاموں کو بھی جلد پورا کیا جاسکے گا۔